لَبَّیکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیکَ ط لَبَّیکَ لَا شَرِیکَ لَکَ لَبَّیکَ ط
اِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ ط لَاشَرِیکَ لَکَ ط

میں حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں۔ میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔ بے شک ساری تعریفیں اور نعمتیں تیرے ہی لئے ہیں اور ساری بادشاہت بھی تیرے ہی لئے ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔



# ترغیبِ حج مہم

## برائے حج ۱۴۴۴ھ مطابق ۲۰۲۳ء

## حج کے فضائل و برکات

برادرانِ اسلام! حج اسلام کا اہم ترین رکن ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مقبول حج کی جزاء جنت ہے۔ عام طور پر لوگ اخراجات سے ڈر کر اس مبارک سفر سے گریز کرتے ہیں؛ لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حج گناہ اور فقر و محتاجی کو اسی طرح دور کرتا ہے، جیسے بھٹی لوہا، سونا اور چاندی کا میل وکچیل دور کر دیتی ہے۔

حج ایسا اہم فریضہ ہے کہ حاجی کو نومولود کی طرح گناہوں سے پاک وصاف کر دیتا ہے۔ صاحبِ استطاعت حضرات وخواتین پر زندگی میں ایک بار حج کرنا فرض ہے۔ قرآنِ مجید میں اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا ارشاد ہے: وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا. ترجمہ: اللہ کی خوشنودی کے حصول کے لیے لوگوں پر حج کرنا فرض ہے۔ حدیث شریف میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک فرمان ہے: "اَلْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةُ" (صحيح البخارى، حديث : ۱۷۷۳، صحيح لمسلم، حديث : ۱۳۴۹)

ترجمہ: حج مبرور کا بدلہ جنت کے سوا کچھ بھی نہیں۔ ایک حدیث شریف میں یہ مضمون آیا ہے:



(Head) کے پاس پین کارڈ (PAN Card) کا ہونا لازمی ہے۔

★ تمام عازمین حج اپنے کور (Cover) میں اپنے قریبی رشتہ داروں کو ہی شامل کریں۔ اپنے کور میں کسی انجان شخص کو شامل نہ کریں؛ تاکہ اُنہیں کسی بھی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ کور (Cover) جتنا چھوٹا ہو اُتنا ہی بہتر ہے۔ کور ایک سے پانچ لوگوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

★ حج کمیٹی آف انڈیا کے ذریعہ صرف ایک بار ہی حج کی اجازت ہے۔ دوبارہ حج کی اجازت صرف دو ہی صورت میں ہوگی (۱) اپنے گھر کی ایسی عورتیں جو پہلی بار حج کے لئے جا رہی ہوں اُن کے محرم کی شکل میں یا (۲) 70 سال سے زائد عمر کے اپنے گھر کے ایسے مرد افراد جو پہلی بار حج کے لئے جا رہے ہوں اُن کے معاون کے طور پر؛ لیکن یہ صورت ابھی زیرِ غور ہے۔ حتمی نہیں ہے۔

★ حج درخواست آن لائن کرتے وقت حج کمیٹی آف انڈیا کے ذریعہ قربانی ادا کرنے کا اظہار حج درخواست فارم میں مختص اضاحی کوپن کے کالم میں (IDB) کا انتخاب ضرور کریں۔ (IDB) کالم کا انتخاب نہیں کرنے کی صورت میں ہر سال غیر مناسب لوگوں کے ذریعہ قربانی کے لئے سستے کوپن فراہم کرنے کے نام پر دھوکہ دہی کے متعدد واقعات سامنے آتے ہیں۔ جن سے حجاج کرام کو پریشانی کے ساتھ ساتھ اُن کا حج بھی خراب ہوتا ہے۔

★ پٹنہ ضلع کے حج کے خواہشمند ایسے افراد جنہیں حج درخواست آن لائن کرانے میں کوئی دشواری پیش آ رہی ہو اُن کے لئے حج بھون پٹنہ میں حج درخواست آن لائن کا نظم ہے۔ کام کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ حج درخواست آن لائن کرانے کے لئے حج سے متعلق ضروری دستاویزات (جیسے پاسپورٹ، سفید پس منظر والی رنگین فوٹو، آدھار کارڈ، پین کارڈ، بینک پاس بک یا کینسل چیک، کرونا ویکسین کی سرٹیفکیٹ اور اے ٹی ایم کارڈ) ساتھ میں لانا لازمی ہوگا۔

★ پاسپورٹ یا آن لائن حج فارم کے متعلق مزید جانکاری کے لئے بہار ریاستی حج کمیٹی کے دفتر کا فون نمبر 0612-2203315 اور موبائل نمبر۔

9709647585 (مفتی محمد عبید اللہ قاسمی)
8271463343 (اظہار احمد)
9693638579 (صغیر احمد)
9308102375 (محمد اختر حسین)
7070810696 (صفدر علی)
9097171909 (فرحان الحق)
748827943 (احسان صدیقی)

پر رجوع کیا جا سکتا ہے۔



## خصوصی اپیل

حج کے امور میں دلچسپی رکھنے والے قوم وملت کے دانشوران، خصوصاً ائمہ مساجد اساتذۂ مدارس، دینی تنظیموں اور ملی اداروں کے ذمہ دار علماء کرام ومفتیان عظام اور سیاسی وسماجی خدمت گار حضرات سے مخلصانہ اپیل ہے کہ وہ ریاست گیر ترغیبِ حج اور حج بیداری مہم کو کامیاب بنانے میں معاونت فرمائیں۔ حج کے فضائل و برکات اور استطاعت کے باوجود فریضہ حج کی ادائیگی سے محروم رہ جانے والے افراد کے متعلق احادیث صحیحہ میں وارد وعید کو اپنی تقاریر و خطبات اور خصوصی مجالس میں لوگوں کے سامنے اجاگر کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ صاحبِ استطاعت حضرات کو بروقت اس عظیم فریضہ کی ادائیگی کی طرف متوجہ فرمایا جائے۔ ائمہ مساجد اور خطیب حضرات سے گزارش ہے کہ جمعہ کے خطبوں میں ترغیبِ حج کے موضوع پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ان شاء اللہ صاحب استطاعت حضرات کو خصوصی ملاقاتوں کے ذریعہ فریضۂ حج کی ادائیگی کی طرف رغبت دلانے سے اچھے نتائج سامنے آئینگے جو ہم سب لوگوں کے لئے دارین کی خیر و برکات اور رضائے الٰہی کے حصول کا ذریعہ ثابت ہوگا۔ وماتوفیقنا الا باللّٰہ.

شائع کردہ
بہار ریاستی حج کمیٹی ۳۴- علی امام پتھ، ہارڈنگ روڈ، پٹنہ
فون نمبر- 0612-2203315 فیکس نمبر- 0612-2201665
ای میل- biharstatehajcommittee@gmail.com

"مَنْ حَجَّ هٰذَا الْبَيْتَ فَلَمْ يَرْ فُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَمَا وَ لَدَتْهُ أُمُّهُ" (صحیح البخاری، حدیث : ۱۸۱۹۔۱۸۲۰)

ترجمہ: جو شخص بیت اللہ کا حج کرے اور دورانِ حج کوئی شہوانی بات یا گناہ کا کام نہ کرے تو ایسے ہو کر لوٹے گا، جیسے اس کی ماں نے اسے جنا تھا۔ حج گناہِ گذشتہ کا کفارہ ہے؛ چنانچہ ایک حدیث شریف میں یہ ارشاد وارد ہوا ہے:

"اِنَّ الِا سْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ وَاِنَّ الْهِجْرَةَ تَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهَا وَاِنَّ الْحَجَّ يَهْدِمُ مَا كَا نَ قَبْلَهُ" (الصّحیح لمسلم، حدیث : ۱۲۱)

ترجمہ: بلاشبہ اسلام پہلے کے سب گناہ ختم کر دیتا ہے، ہجرت بھی پہلے کے سب گناہ ختم کر دیتی ہے اور حج بھی پہلے کے سب گناہ ختم کر دیتا ہے۔

امتِ مسلمہ کے غیور فرزندو! حج کی ادائیگی میں تاخیر کرنا مکروہ اور نہایت ناپسندیدہ عمل ہے؛ چنانچہ ایک حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ: "تَعَجَّلُوا اِلَى الْحَجِّ يَعْنِى الْفَرِ يْضَةَ فَاِنَّ اَحَدَ كُم لَا يَدْ رِى مَا يَعْرِضُ لَهُ" (مسند الا مام احمد : ۱/ ۳۱٤)

ترجمہ: فریضہء حج کی ادائیگی میں جلدی کرو، تمھیں کیا معلوم کہ کون سی رکاوٹ پیش آجائے؟

بزرگو! اللہ کے فضل وکرم سے دوسال کے توقف کے بعد حج کا سلسلہ پوری آب وتاب کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔ لہٰذا موقع کو غنیمت جانیں۔ اور ترجیحی بنیادوں پر اس فریضہ کی ادائیگی کی جانب خود بھی سبقت فرمائیں۔ اور دوسروں کو بھی اس جانب راغب کر کے اجرِ عظیم کا مستحق بنیں۔

یاد رکھئے!! جو شخص قدرت کے باوجود حج نہیں کرتا ہے اس کی عاقبت کے بگڑنے کا سخت اندیشہ ہے؛ چنانچہ ایک حدیث شریف میں یہ مضمون آیا ہے کہ:

"مَنْ مَّلَكَ زَادًا وَ رَاحِلَةً تَبْلُغُهُ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ وَ لَمْ يَحُجَّ فَلَا عَلَيْهِ أَنْ يَّمُوتَ يَهُودِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا" (سنن التر مذی، حدیث : ۸۱۲)

یعنی جو شخص زادِ راہ اور سواری رکھتا ہو جس سے بیت اللہ تک پہنچ سکتا ہو اور پھر حج نہ کرے تو اس کا اس حالت پر مرنا یہودی یا نصرانی ہو کر مرنا یکساں ہے۔

بزرگانِ محترم! حج کی برکت سے ملتزم سے چمٹنا، مقامِ ابراہیم میں دوگانہ ادا کرنا، حطیم میں داخل ہو کر ذکر وعبادت میں مشغول ہونا، صفا ومروہ جیسے شعائر اللہ کے پھیرے لگانا اور مقاماتِ مقدسہ میں دعاؤں کے ذریعہ اللہ سے لَو لگانا نصیب ہوتا ہے۔ یہ خوش نصیبی اور سعادت مندی کی انتہاء ہے۔ اور ساتھ ہی مدینہ منورہ کی زیارت، بار بار صلاۃ وسلام پیش کرنے کی گراں قدر سعادت، ریاض الجنہ میں عبادت اور مسجدِ نبوی میں چالیس وقت کی نماز باجماعت ادا کرنے کی سہولت میسر ہوتی ہے جو حد درجہ خوش بختی کی علامت ہے۔ "صَلَاةٌ فِيْ مَسْجِدِي هٰذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيْمَا سِوَاهُ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ وَصَلَاةٌ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَفْضَلُ مِنْ مِّائَةِ أَلْفِ صَلَاةٍ" (مسند الامام أحمد : ۳/ ۳٤۳۔۳۹۷)

ترجمہ: میری اس مسجد (نبوی) میں ایک نماز دیگر مساجد میں ہزار نماز سے بہتر ہے، البتہ مسجد حرام کی ایک نماز لاکھ نمازوں سے بھی بڑھ کر ہے۔



## بین الاقوامی پاسپورٹ کے متعلق ضروری معلومات

حج درخواست آن لائن پُر کرنے کے لئے ہر ایک درخواست دہندگان کے پاس مستند مشین ریڈیبل بین الاقوامی پاسپورٹ کا ہونا لازمی ہے۔

★ آج کل پاسپورٹ بنوانے کا عمل بہت آسان ہو گیا ہے۔ آپ پاسپورٹ بنوانے کے لئے سب سے پہلے اپنے علاقے کے کسی بھی نزدیکی سائبر کیفے سے اپنا پاسپورٹ درخواست آن لائن بھروادیں۔

★ فارم بھرتے وقت اپنے آدھار کارڈ کو بنیاد بنائیں۔ آدھار کارڈ میں عمر اور پتہ دونوں کی توثیق موجود رہتا ہے۔

★ پاسپورٹ درخواست آن لائن کرتے وقت ایس ایم ایس الرٹ (SMS Alert) ضرور کروالیں؛ تاکہ پاسپورٹ سے متعلق ضروری معلومات سے آپ واقف رہیں۔

★ فارم کے بھرنے کے بعد آپ معینہ دن اور وقت کے مطابق پاسپورٹ سیوا کیندر میں (دیئے گئے پتہ کے موافق) حاضر ہو کر مطلوبہ دستاویزات کی ویریفیکیشن (Verficiation) کا عمل مکمل کرالیں۔

★ دستاویز کی توثیق کا عمل مکمل ہونے کے بعد پولس ویریفیکیشن (Police Verification) کے لئے آپ کی درخواست آپ کے تھانے میں بھیج دی جاتی ہے؛ جہاں آپ پولس ویریفیکیشن (Police Verification) کا عمل مکمل کرالیں۔

★ جیسے ہی پولس ویریفیکیشن (Police Verification) کا عمل مکمل ہوگا آپ کا پاسپورٹ پرنٹنگ مرحلہ میں چلا جائے گا۔ پرنٹنگ کا مرحلہ مکمل ہوتے ہی آپ کا پاسپورٹ آپ کے رہائشی پتہ پر بذریعۂ ڈاک بھیج دیا جائے گا۔ اور کسی بچولیئے (Agent) کی مدد کے بغیر مذکورہ بالا بیان کردہ صحیح طریقۂ کار اپنانے کی بناء پر بہت کم وقت میں پاسپورٹ آپ کے ہاتھوں میں مل جائے گا۔

★ اس سلسلے میں اگر کسی قسم کی دقت یا پریشانی محسوس کریں تو فوراً ریاستی حج کمیٹی حج بھون پٹنہ کی طرف رجوع کریں آپ کی مکمل مدد کی جائے گی۔ (ان شاء اللہ)

☆ بروقت پاسپورٹ دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے حج کے خواہشمند بہت سے افراد حج درخواست آن لائن نہیں کر پاتے ہیں اور اس



عظیم فریضہ کی ادائیگی کو مؤخر کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

★ لہٰذا حج ۱۴۴۴ھ مطابق 2023ء کے خواہشمند حضرات جن کے پاس اپنا پاسپورٹ نہیں ہے، یا ہاتھ سے لکھا ہوا پُرانا پاسپورٹ ہے اور مدت میں توسیع کی ضرورت ہے تو وہ اپنا پاسپورٹ بنوانے کا عمل جتنا جلد ممکن ہو سکے شروع کر دیں۔

## ضروری اعلان

★ حج ۱۴۴۴ھ مطابق 2023ء کے لئے ان شاء اللہ اکتوبر 2022 سے آن لائن حج درخواست پُر کرنے کا سلسلہ شروع ہونے کا امکان ہے۔

★ آن لائن حج درخواست حج کمیٹی آف انڈیا کے ویب سائٹ www.hajcommittee.com یا موبائل ایپ HCOI کے ذریعہ پُر کیا جائے گا۔

★ سفرِ حج کے لئے سبھی عازمین حج کو سفر حج کے آغاز سے قبل کورونا ویکسین کی دونوں ڈوز لینا لازمی ہوگا۔

★ حج درخواست آن لائن کرنے کے لیے پاسپورٹ کا ہونا لازمی ہے۔

★ غالب امکان ہے کہ امسال حج کمیٹی آف انڈیا کی جانب سے حج درخواست فارم پُر کرنے کے لئے عمر کی قید کو ختم کر دیا جائے۔

★ سفر حج کے لئے مالی طور پر اہلیت رکھنے کے ساتھ ساتھ جسمانی طور پر بھی صحت مند ہونا لازمی ہے؛ کیوں کہ حج کا سفر جسمانی طور پر صعوبتوں سے بھرا ہے۔ موجودہ حالات میں صحت مند افراد کے لئے ہی طے شدہ اصول وضوابط کے تحت حج درخواست پُر کرنا لازمی ہے۔

★ حاملہ خواتین حج درخواست پُر کرنے سے پرہیز کریں؛ تاکہ اُنہیں درپیش مسائل کی وجہ سے کوئی دشواری نہ ہو اور اُن کے محرم کو بھی دورانِ حج کسی قسم کی پریشانی لاحق نہ ہو۔

★ حج درخواست پُر کرنے کے لئے کور ہیڈ (Cover Head) کے پاس بینک اکاؤنٹ کا ہونا لازمی ہے؛ تاکہ رقم واپسی کی صورت میں اُن کے ہی بینک اکاؤنٹ میں رقم بھیجی جا سکے۔

★ حج درخواست پُر کرتے وقت اپنا ذاتی موبائل نمبر/واٹس ایپ نمبر ضرور درج کریں؛ تاکہ عازمین حج کو دی جانے والی اطلاعات ایس ایم ایس (SMS) کے ذریعہ بھیجی جا سکے اور وقت ضرورت اُن سے براہ راست رابطہ کیا جا سکے۔

★ حج درخواست آن لائن کرتے وقت کم از کم کور ہیڈ (Cover